الیکٹرونکس کے نرالے تجربات 2

محمود انور عاشی



ہمدرد کتب خانہ ۱۴ ... بازار لاہور
فون 58947

الیکٹرونکس کے نرالے تجربات 2
ہمدرد کتب خانہ لاہور



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا رحم کرنے والا رحیم ہے۔

ELECTRONICS BY PRACTICAL 2

الیکٹرونکس کے راز (۲)

تجربات

مرتبہ

محمود انور عاشی

سی۔ای (الیکٹریکل)

ڈی۔ایم۔ایم (انگلینڈ)

ایم۔آئی۔اے۔اے

اے۔ای

ناشر: ہمدرد کتب خانہ اردو بازار لاہور

قیمت 24 روپے

نام کتاب —— الیکٹرونکس کے نرالے تجربات

مرتبہ —— محمود انور عاشق

ناشر —— حاجی محمد حسین گوہر

ادارہ —— ہمدرد کتب خانہ اردو بازار

لاہور

بار چہارم —— 1993ء


تعداد —— ایک ہزار

کتابت —— غلام یٰسین تبسم کاموکے

سرکٹ —— عاشق

مطبع —— المطبعۃ العربیہ لاہور

نگران اشاعت —— ابوذر غفاری



پیش لفظ

الیکٹرونکس کے نرالے تجربات (۱) استاذی المکرم جناب محمد منیر قریشی صاحب کی کاوش پر مبنی ہے اور اسکی بے نظیر مقبولیت کے بعد نمبر (۲) ترتیب دینے کی سعادت اس عاجز کے حصہ آئی ہے

محنت / ریسرچ انسان کو اوج ثریا تک لے جاتی ہے بشرطیکہ مثبت ہو اور پھر جہاں اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت شامل حال ہو تو انسان مزید کمال تک جا پہنچتا ہے۔ ہاں انسان پر جب کبھی مایوسی کا وقت آنے لگے تو وہ اللہ کے اس ارشاد کو ذہن میں رکھے کہ ع

أَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهُ

ترجمہ:- (کیا خدا اپنے بندے کے لئے کافی نہیں۔ سورۃ زمر رکوع ۴، آیت ۳۵)

زیر لمحات ہنگامی ہی ہوتے ہیں اور مرد مومن اپنی منزل کی طرف ایک نئے عزم ولولہ اور حوصلہ سے قدم اٹھاتا ہے اور بالآخر کامیابی کے آخری زینے کو چھو لیتا ہے۔ کائنات کی تسخیر بھی خدا کے نزدیک انسان کے لئے فرض ہے تو کیوں نہ ہم دن رات نت نئی چیزوں کی تلاش میں رہیں؛ مختلف اقسام کے تجربات ہیں جن میں نئی نئی چیزیں آپ کے لئے اسی سلسلہ کی کڑی ہے اور یہ سلسلہ چلتا رہے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ "بالتوفیق باللہ"

اس کتاب کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حصہ اوّل میں جدید ایجادات، سرکٹ بنانے اور استعمال کا طریقِ کار بتایا گیا ہے جبکہ حصہ دوئم میں "الیکٹرونکس کے دوش چند قدم" کے عنوان سے بعض ایجادات کا تعارف تحریر کیا گیا ہے۔ انشاء اللہ امید کامل ہے کہ یہ کتاب بھی نمبر (1) کی مانند آپ کو پسند آئے گی اور آپ کے علم میں اضافہ کا باعث ہوگی۔

اللہ کرے ایسا ہی ہو۔

آمین ثم آمین

خلوص کار

محمود انور عاشی

سی۔ای (الیکٹریکل)

ڈی۔ ایم۔ ایم (انگلینڈ)

ایم۔آئی۔اے۔اے۔اے۔ای

تعارف

عزیزی محمود انور عاشی نے الیکٹرونکس کے نرالے تجربات کا دوسرا حصہ ترتیب دے کر میری ایک مشکل کو حل کر دیا ہے۔ یہ نوجوان واقعی ایک ذہین اور وقت شناس فرد ہے جس میں کسی بھی منزل کو پالینے کی صلاحیت موجود ہے۔ خدا کرے کہ اس میں خدا تعالیٰ اپنے فضل سے اضافہ فرمائے اور اس کو دنیا جہان کی مسرتوں سے نوازے۔ آمین۔

یہ دور حقیقت میں الیکٹرونکس کا دور ہے اور آنے والے وقت میں سائنس کی اس شاخ کی ضرورت اور بھی دوچند ہو جائے گی۔

"الیکٹرونکس کے نرالے تجربات" کا پہلا حصہ بھی اسی چیز کے پیش نظر ترتیب دیا گیا تھا جسے قارئین نے بہت پسند کیا تھا اور پلک جھپکتے ہی دو ایڈیشن نکل گئے۔ اب اسی سلسلے کا دوسرا حصہ ترتیب دیا گیا جس میں نئی ایجادیں ان کے آسان آسان سرکٹ، بنانے کا طریقِ کار اور تعارف کروایا گیا ہے اس میں بعض چیزیں تو ایسی ہیں کہ ہمارے ملک میں آتے شاید انہیں دیر لگے بہرحال آپ کی دلچسپی کی خاطر حاضر ہیں بنائیں، فائدہ اٹھائیں اور لطف اندوز ہوں۔

نئی نئی ایجادوں سے متعارف ہونا اچھی بات ہے اور پھر انسان کو علم حاصل کرنے سے کبھی بھی گریزاں نہیں ہونا چاہیئے جبکہ خود حضرت سرورِ کائنات فخرِ موجودات حضرت محمد مصطفےٰ احمد مجتبےٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔

"علم حاصل کرو خواہ تمہیں چین جانا پڑے۔"

اہل علم کے طفیل اگر آپ کو نت نئے علوم سے شناسائی جب گھر بیٹھے
ہی ملے گی تو ضرور حاصل کرنی چاہیئے۔ الیکٹرونکس کے زرائے تجربات کا
یہ حصہ نہایت ہی اچھی کاوش ہے۔ پہلے حصے سے قدرے مشکل سرکٹ
ہیں تاہم بنانے میں آسان ہیں۔ ہماری تحریروں کے دوش چلیں
آئندہ حصوں میں اور اچھے اور بڑے سرکٹ ملیں گے تو آپ ان کو آسانی
کے ساتھ بنالیں گے۔ پہلے حصہ میں نسبتاً چھوٹے سرکٹ تھے اور اس حصہ
میں بڑے ہیں اور اگلے حصوں میں اور بھی بڑے سرکٹ ہوں گے لہٰذا
پوری لگن اور محنت سے سرکٹ بنائیں گے تو یہ جہاں آپ کے لیے اچھا مشغلہ
ہوں گے وہاں بعض چیزیں اسی طرح یا ذرا سی تبدیلی کے ساتھ آپ
کمرشل بنیادوں پر بنا کر اچھا خاصا روزگار کمانے کے قابل ہو سکیں گے۔

خدا کرے یہ تجربات سب کے ذہنوں میں نئی روشنی پیدا کریں۔

آمین

انتہائی خوبصورت سرکٹوں سے مزین یہ کتاب سب کی نظر
کر رہے ہیں۔

(مخلص)

محمّد منیر قریشی
سی اینڈ جی
(لندن)

انتساب

اپنے ابو جناب غلام نبی قمر صاحب اور
امی کے نام
جنکی
پُرشفقت تربیت نے مجھے قوم و ملک کی
خدمت کے قابل بنایا

حصہ اول

سرکٹ

تجربات و مشاہدات

فہرست مضامین

سرکٹ نمبر 1


چڑیا

SPARROW

ایک خوبصورت آواز اور ایک خوبصورت پرندہ گھنٹی کی صورت میں۔ گھروں میں کال بیل کے لئے بہت زیادہ پسند کی جاتی ہے۔ چھوٹا سا سرکٹ ہے۔ بنالیں اپنے لیے یا کمرشل بنیادوں پر بنائیں بیچنا شروع کر دیں فائدہ ہی فائدہ ہوگا۔

فہرست سامان

(۱)	ٹرانسفارمر	T-1	آؤٹ پٹ ٹرانسفارمر	
(۲)	لاؤڈ سپیکر	L.S	2½ انچ طاقت 8 اوہم	
(۳)	ٹرانسسٹر	TR-1	نمبر	LSB 22
(۴)	کنڈنسر	C-1	104	پی۔ ایف
(۵)	کنڈنسر	C-2	403	پی۔ ایف
(۶)	کنڈنسر	C-3	100	یو۔ ایف
(۷)	کنڈنسر	C-4	1000	یو۔ ایف (35 وولٹ کا)
(۸)	مزاحمت	R-1	560	اوہم
(۹)	مزاحمت	R-2	56K	اوہم
(۱۰)	مزاحمت	R-3	15K	اوہم
(۱۱)	سپلائی		12	وولٹ ڈی سی



(۱۲) فارشیٹ 4"x4"

(۱۳) کور (ڈھیپہ) حسب خواہش سائز

(۱۴) ریکٹی فائر D-1 نمبر W005

یہ سرکٹ بناتے وقت ضروری ہے کہ مندرجہ ذیل امور کو کسی بھی صورت میں نظر انداز نہ کریں۔

(۱) مزاحمت R-3 کی قیمت پوری ہو۔

(۲) سپلائی 12 وولٹ سے کم نہ ہو۔

۵ ریکٹی فائر D-1 تا D-4 4 عدد نمبر W005

۶ پلیٹ برائے تنصیب ایل۔ای۔ڈی۔ سائز حسب خواہش۔

۷ راؤنڈ بلاک برائے سوئچ 1 عدد

۸ چھوٹا بورڈ برائے تنصیب بیل

۹ تار حسب ضرورت

۱۰ سکرو حسب ضرورت

سرکٹ نمبر 2

کال بیل

CALL BELL


یہ سرکٹ یوں تو عام سی گھنٹی کا ہے تاہم اس میں کچھ جدت پیدا کر کے خوبصورت بنا دیا گیا۔ گھنٹی بجانے کا پش بٹن جس پلیٹ پر لگایا گیا اس پر انگریزی میں خوبصورت کر کے چھوٹے چھوٹے ایل۔ای۔ڈی کے ذریعے کال بیل (CALL BELL) لکھا گیا ہے۔ تمام کے تمام ایل۔ای۔ڈی جو آپ استعمال کر رہے ہیں یا کرنا چاہتے ہیں غیر متوازی ترتیب میں جوڑے جائیں اور ان کو چھ وولٹ ڈی سی مہیا کریں۔ سب روشن ہو جائیں گے۔ بلبوں کا رنگ کوئی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ چھ وولٹ بجلی حاصل کرنے کے لئے ٹرانسفارمر لگایا گیا اور چار ریکٹی فائر (برج) اے سی بجلی کو ڈی سی میں تبدیل کر رہے ہیں۔ ٹرانسفارمر صرف رات کے وقت ہی استعمال کریں اس وقت بلب روشن ہو کر آنے والے فرد کو بیل پش کی نشان دہی کریں گے جب کہ صبح کو تو ویسے ہی روشنی ہوتی ہے۔ بلب جلانے کے لئے علیحدہ سے سوئچ (S-1) لگایا گیا ہے۔ صبح ہوتے ہی بلب ضرور بجھا دیں اس طرح ٹرانسفارمر مسلسل گرم ہو کر جلنے سے بچ جائے گا۔ اس سرکٹ کے لئے مندرجہ ذیل سامان کی ضرورت درکار ہوگی۔


۱ بیل (کوئی سی) 1 عدد

۲ بیل پش (P-1) 1 عدد

۳ سوئچ (S-1) 1 عدد

۴ ٹرانسفارمر T-1 1 عدد طاقت 6-0-6 وولٹ






کال بیل کے الفاظ میں ایل۔ ای۔ ڈی کے غیر متوازی کنکشن ۔

سرکٹ نمبر 3

برگلرز الارم


BURGLARS ALARM

گھروں اور دفتروں میں دوسروں کو بلانے کے لئے فی زمانہ بہت سی اقسام کے الارم استعمال ہو رہے ہیں اور ان کی آوازیں بھی ان کی ساخت کے لحاظ سے جدا جدا ہیں۔ ذیل میں ایسا ہی ایک چھوٹا سا سرکٹ آپ کی سہولت کے لئے دیا جا رہا ہے۔



فہرست سامان

①	مزاحمت	R-1	طاقت	150	اوہم
②	مزاحمت	R-2	طاقت	5.6 K	اوہم
③	مزاحمت	R-3	طاقت	5.6 K	اوہم
④	کپیسٹر	C-1	طاقت	47	یو۔ایف
⑤	کپیسٹر	C-2	طاقت	47	یو۔ایف
⑥	ٹرانسسٹر	TR-1	نمبر	2N2926	
⑦	ٹرانسسٹر	TR-2	نمبر	2N2926	
⑧	سپیکر	L.S-1	طاقت	8	اوہم
⑨	سوئچ	S-1	(آن آف ٹائپ)		
⑩	بیٹری/سپلائی			9	وولٹ



سرکٹ نمبر 4


ڈیجیٹل کلاک


CLOCK

ایک نہایت ہی سادہ اور مختصر سے سرکٹ سے مزین ڈیجیٹل کلاک۔ بازار سے سامان باآسانی میسر ہو تو خود بنالیں ــــ اگر سامان نہیں مل رہا تو بیرون ملک رہنے والے اپنے بھائیوں یا عزیزوں کو لکھ کر منگوالیں۔

سرکٹ میں اہم بات وقت کی درستگی ہے۔ اس میں L - D جو دیا گیا ہے وہ دراصل L - E - D ہے یعنی ایسا پرزہ جس کی ساخت ہندسوں کے مطابق ہے۔ اس میں چار ہندسے ہیں جو ایک خاص طریق کار کے مطابق اپنا سرکٹ مکمل کرکے روشن ہوتے ہوئے جیسا کہ صفحہ نمبر پر دیئے گئے خاکہ کے مطابق چار ہندسوں میں سے تین ہندسے آٹھ کے ہیں جو کہ سات چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کا مجموعہ ہیں۔ یہ چھوٹے چھوٹے بلب ہیں ان میں سے جتنے بلبوں کو ایک وقت میں بجلی ملتی ہے روشن ہوکر خاص شکل اختیار کرکے مجموعی طور پر اور انفرادی طور پر اپنا مفہوم ادا کرتے ہیں۔ صفحہ نمبر پر جس گراف کا خاکہ دیا گیا ہے وہ ایسے ڈیجیٹس (DIGITS) کا ہے جس میں ایک ہندسے میں سات بلبوں کی بجائے جتنے ہی بلب لگائے ہیں تاہم یہ بلب اس طرح سے غیر متوازی (SERIES) طور پر جڑے ہوتے ہیں کہ ایک ہندسہ بہرحال سات حصوں میں ہی تقسیم ہوتا ہے۔ بڑے شہروں میں پیپسی کولا اور کوکا کولا مشروب والوں نے ایسی گھڑیاں چوراہوں پر نصب کی ہیں۔

وقت کی درستگی بہرحال ایک اہم کام ہوتا ہے اس مقصد کے لئے اس سرکٹ میں ایک پش ہے اس پش کی بناوٹ ریفریجریٹر کے ڈور سوئچ کی مانند ہوتی ہے بہرحال اس کو جلد جلد دبانے سے ہندسے تیزی سے بدلتے ہیں اور اس طرح وقت درست کیا جا سکتا ہے۔





فہرست سامان

1. مزاحمت R-1 طاقت 1K اوہم
2. مزاحمت R-2 طاقت 220K اوہم
3. مزاحمت R-3 طاقت 1K اوہم
4. کپیسٹر C-1 طاقت 100 یو-ایف
5. کپیسٹر C-2 طاقت 4 یو-ایف
6. سیمی کنڈکٹر D-1 نمبر R20-270
7. آئی-سی I.C-1 نمبر 555
8. سوئچ S-1 (آن آف)
9. سپلائی 6 وولٹ
10. پش بٹن

نوٹ :-

سرکٹ میں ایک بات بہت ہی قابل توجہ ہے وہ ہے مزاحمتوں کی قیمت اسمیں کسی بھی طرح سے کمی بیشی نہیں ہونی چاہیئے ورنہ وقت درست نہ آسکے گا۔


سرکٹ نمبر 5

برقی باجہ

ELECTRIC ORGAN

آپ کی تفریح اور شغل کے لیے ایک سرکٹ کا خاکہ پیش ہے جس کو بنانے کے بعد آپ اس سے بڑے خوبصورت سر نکال کر ایک خاص مشق کے ساتھ جو یا جس طرح آپ پسند کریں، دھن بنا کر لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔

سامان کو سرکٹ کے مطابق ترتیب دے کر قلعی سے ٹانکے لگا کر لکڑی کے کسی خوبصورت ٹکڑے پر نصب کر لیں اور اس ترتیب کے ساتھ جو آپ کے ذہن میں ہو باری باری بٹن دبائیں، ہر پش بٹن کے دبانے پر ایک نیا ہی سر نکلے گا جو یقیناً آپ کے دل کو بھائے گا اور جب تیزی سے اور مسلسل سر نکلیں گے تو سروں کی ایک خوبصورت مجموعی آواز ماحول کو یقیناً سحر انگیز بنا دے گی۔



فہرست سامان

مزاحمت	R1	طاقت	500	اوہم
مزاحمت	R2	طاقت	100	اوہم
مزاحمت	R3	طاقت	150	اوہم
مزاحمت	R4	طاقت	175	اوہم
مزاحمت	R5	طاقت	200	اوہم
مزاحمت	R6	طاقت	225	اوہم
مزاحمت	R7	طاقت	200	اوہم
مزاحمت	R8	طاقت	175	اوہم
مزاحمت	R9	طاقت	150	اوہم
مزاحمت	R10	طاقت	100	اوہم
مزاحمت	R11	طاقت	70	اوہم
کنڈنسر	C	طاقت	1 مفد	(مائیکروفیرڈ)

ٹرانسسٹر TR نمبر AC-188 (PNP)

خارجی ٹرانسفارمر (آؤٹ پٹ)

لاؤڈ سپیکر LS 3 انچ قطر سائز 8 اوہم

سوئچ S_1 (عام قسم کا آن آف سوئچ)

سوئچ S_2 سے S_{11} پش بٹن پیانو ٹائپ

سپلائی 6 وولٹ ڈی سی

لکڑی کا بورڈ سائز 18 × 20

تاریں حسب ضرورت

سرکٹ نمبر 6

ٹریفک سگنلز


TRAFFIC SIGNALS

ایک خاتون کار پر کہیں جا رہی تھی کہ چوراہے پر کار میں کھڑی دیکھ کر اس نے بھی کار روک لی۔ کچھ دیر بعد دوسری گاڑیاں تو چلی گئیں مگر وہ خاتون وہیں کھڑی رہی۔ چوراہے پر متعین پولیس کے سپاہی نے اس خاتون سے پوچھا کہ آپ کھڑی ہیں کیا گاڑی میں کوئی خرابی پیدا ہو گئی ہے۔ وہ خاتون یوں گویا ہوئیں کہ

"ہائے اللہ میں کیا کروں مجھے کوئی رنگ ہی پسند نہیں آتا"

باذوق افراد کے نزدیک دیکھا کتنی اور کیسی قدر ہے ٹریفک کی زرد، سرخ اور ہری لائٹوں کی۔ اس لئے میں ایک جدید ترین سرکٹ کا خاکہ یہاں دے رہا ہوں تاکہ آپ خود بنا کر وقفے وقفے کے بعد روشن ہونے والی مختلف رنگوں کی روشنیوں سے لطف اندوز ہو سکیں

یہ سرکٹ نہایت مختصر ہے اور صرف 6 وولٹ برقی سپلائی پر کام کرنے لگتا ہے۔ اس میں روشن ہونے والے بلبوں کا آپس میں وقفہ آپ خود VR 1 سے کم یا زیادہ کر سکتے ہیں اور سوئچ S-1 دبانے سے زرد روشنی مسلسل جلنے بجھنے لگے گی۔ کر آپ دائیں بائیں دیکھ کر احتیاط سے گذر جائیے۔



فہرست سامان

①	مزاحمت	R1	طاقت	2-7K	اوہم
②	مزاحمت	R2	طاقت	100	اوہم
③	مزاحمت	R3	طاقت	1-8K	اوہم
④	مزاحمت	R4	طاقت	2-7K	اوہم
⑤	مزاحمت	R5	طاقت	1K	اوہم
⑥	مزاحمت	R6	طاقت	1K	اوہم
⑦	متحرک مزاحمت	VR-1	طاقت	220K	اوہم
⑧	ٹرانسسٹر	TR-1	نمبر	BC-108	
⑨	ٹرانسسٹر	TR-2	نمبر	BC-108	
⑩	کپیسٹر	C-1	طاقت	4-7	یو۔ایف
⑪	سیمی کنڈکٹر	D-1 تا D-12	نمبر	OA47	
⑫	سیمی کنڈکٹر	D-13	نمبر (سرخ)	TIL-209	(L-E-D)
⑬	سیمی کنڈکٹر	D-14	نمبر (زرد)	TIL-212	(L-E-D)
⑭	سیمی کنڈکٹر	D-15	نمبر (سبز)	TIL-211	(L-E-D)
⑮	سیمی کنڈکٹر	D-16	نمبر	IN-4001	
⑯	آئی سی	I-C-1	نمبر	744590	
⑰	آئی سی	I-C-2	نمبر	SN7442	
⑱	سوئچ	S-1	(سلیکٹ — Select)		
⑲	سوئچ	S-2	(آن/آف سوئچ)		
⑳	بیٹری	9	وولٹ		
㉑	تاریں حسب ضرورت				

سرکٹ نمبر 7

ڈسکولائٹ

DISCO LIGHT

آواز کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ چھوٹے بلبوں کی روشنی کا ناچتی ہوئی بہت اچھی لگتی ہے۔ ایک ٹرانسسٹر ایک مزاحمت اور ۴ بلب لگا کر کیوں نہ ہم خود اپنے لئے یہ سرکٹ بنا کر لطف اندوز ہوں تو آیئے سرکٹ بنائیں۔

فہرست سامان

(۱) ٹرانسسٹر نمبر TR-AD149

(۲) مزاحمت 820 R اوہم

(۳) بلب L_1 سے L_4 تک طاقت 3 واٹ ہر ایک


(۴) سکریو 4 عدد

(۵) ایلومینیم کی 4" × 4" کی پلیٹ بطور ہیٹ سنک

(۶) سپلائی 12 وولٹ

(۷) تاریں حسب ضرورت


اس سرکٹ کو علیحدہ طور پر 12 وولٹ سپلائی دیں اور بلبوں میں کمی بیشی نہ کریں۔ اگر بلب زیادہ لگانے ہیں تو ان کی طاقت کم کرتے جائیں۔ کہ سب بلبوں کی طاقت کا مجموعہ 12 وولٹ ہی رہے۔ خیال رہے کہ اس سپلائی سے سپیکر پر کسی قسم کا اثر نہیں پڑے گا۔



سرکٹ نمبر 8


لاؤڈ سپیکر
ڈسپلیسمنٹ ڈیٹیکٹر

LOUDSPEAKER DISPLACEMENT DETECTER



آواز کے زیر و بم کے ساتھ لاؤڈ سپیکر کا پردہ جس انداز میں اوپر نیچے حرکت کرتا ہے، اس حرکت کا مشاہدہ کرنے کے لئے ایک سرکٹ ملاحظہ فرمالیں دل مانے تو بنالیں۔ اس میں بلب

کی روشنی میں کمی بیشی اس حرکت کو واضح کرتی ہے۔ نہایت سادہ اور 12 وولٹ سپلائی پر کام کرتا ہے۔ ذرا سی احتیاط اور سمجھ بوجھ سے سرکٹ بآسانی بن جاتا ہے۔




فہرست سامان

1. مزاحمت — R-1 — طاقت — 4K-7 — اوہم
2. مزاحمت — R-2 — طاقت — 4K-7 — اوہم
3. مزاحمت — R-3 — طاقت — 22K — اوہم
4. مزاحمت — R-4 — طاقت — 100K — اوہم
5. مزاحمت — R-5 — طاقت — 330 — اوہم
6. مزاحمت — R-6 — طاقت — 1K — اوہم
7. مزاحمت — R-7 — طاقت — 3K3 — اوہم
8. کپیسٹر — C-1 — طاقت — 1 — یو-ایف
9. کپیسٹر — C-2 — طاقت — 1 — یو ایف
10. کپیسٹر — C-3 — طاقت — 10 — یو-ایف
11. آئی-سی — I-C-1 — نمبر — 741
12. ایل-ای-ڈی
13. سپلائی — 12 — وولٹ

سرکٹ نمبر 9

بیٹری چارجز




اے میرے بہت ہی پیارے بھائیو! میں آپ کو ایک ایسے سرکٹ سے متعارف کروانا چاہتا ہوں جو ہم سب کے لیے آج کے اس ترقی پذیر دور میں بڑا ہی اہم ہے۔
شادی بیاہ ہو یا غم ہو یا خوشی اور پھر زندگی بھی ایسے ہی حادثات کا ایک خوبصورت نام ہے جس میں طرح طرح کے نشیب و فراز ہیں اور ان سب لمحات کو امر کرنے کے لیے کیمرہ استعمال کرتے ہیں، یہی نہیں بلکہ تصاویر کو اچھا جاذبِ نظر اور واضح خدوخال سے دیکھنا پسند کرتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے فلیش گن استعمال کرتے ہیں۔ جس کو چارج کرنے کے لیے نکل

سیل (Dry Cell) استعمال کرتے ہیں یا پھر بجلی سے ڈائریکٹ لگا لیتے ہیں اور فلیش گن چارج ہو جاتی ہے مگر اس طرح چارج شدہ فلیش گن چارج ہو جاتی ہے مگر اس طرح چارج شدہ فلیش صرف ایک تصویر اتارتی ہے جبکہ بعض اوقات ایک وقت میں کئی کئی تصاویر اتارنی پڑتی ہیں۔ اس وقت بجلی میسر نہ ہو اور سیل بھی کام نہ کر رہے ہوں تو صاحب کیا کریں گے۔

ایسے وقت کے پیش نظر دانشمندوں نے ایک بیٹری سیل بنائے جو استعمال کے بعد دوبارہ چارج ہو کر کئی کئی دن کام کرتے رہتے ہیں۔

ایسے سیلوں کو چارج کرنے کے لئے ان کو خاص عمل سے گزارنا پڑتا ہے۔ بلکہ اس سرکٹ کی مدد سے ہم صرف دو تاریں رات بھر لگا کر سیل چارج کر کے اگلی صبح سے شام تک انہیں استعمال کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس سیلوں کے دو سیٹ ہیں تو ایک کو چارج کر کے استعمال میں لے آئیں اور دوسرا سیٹ ری چارجنگ کے لیے لگا دیں۔ بعض سیلوں کو چارج کرنے کے لے چارجر ساتھ ہی ملتا ہے جبکہ بعض کے لے خود بھی خریدنا پڑتا ہے۔ بہر حال سرکٹ حاضر ہے خود بنائیں اور خوب فائدہ اٹھائیں۔ سامان کسی فائبر کی پلیٹ پر نصب کر کے کنکشن کریں اور کسی خوبصورت سے ڈبے میں بند کر لیں۔ مین سپلائی اور بیٹری چارج کرنے کے لیے دو دو تاریں باہر نکال لیں۔ بیٹری مکمل طور پر چارج ہونے پر منی ایچر بلب خود بخود روشن ہو جائے گا۔



فہرست سامان

(١) مزاحمت R-1 طاقت 22K اوہم
(٢) مزاحمت R-2 طاقت 10K اوہم
(٣) مزاحمت R-3 طاقت 680 اوہم
(٤) مزاحمت R-4 طاقت 18K اوہم
(٥) مزاحمت R-5 طاقت 18K اوہم
(٦) مزاحمت R-6 طاقت 12 اوہم
(تمام $\frac{1}{4}$ واٹ اور 5 فی صد ± کاربن کی)

COMPONENTS

Resistors
R1 22kΩ
R2 10kΩ
R3 680Ω
R4, 5 18kΩ (2 off)
R6 12Ω
All ¼W carbon ±5%


Capacitors
C1 470μF 63V elect.
C2 1μF 35V tantalum
C3 1000pF ceramic
C4 1μF 63V elect.

Semiconductors
D1-4 W005 50V, 1A rectifier
D5 TIL209 miniature red l.e.d.
D6 1N4001 silicon
TR1 BC214L silicon *pnp*
TR2 BC184L silicon *npn*
TR3 BD136 silicon *pnp*
IC1 LM723 adjustable voltage regulator

Miscellaneous
T1 Miniature mains transformer, 9V-0-9V secondary
VR1 10kΩ miniature horizontal preset
PL1 Plug to suit host CB equipment (the prototype uses a 2·5mm jack plug)
Single sided glass fibre p.c.b., 116 × 36mm; plastic case, 120 × 65 × 40mm (type BJM 2004); mains lead; twin cored lead; 7/0·2mm wire; l.e.d. mounting clip; mount-hardware for T1 (4 BA).

فہرست سامان

(٧) کپیسٹر C-1 470 یو-ایف
(٨) کپیسٹر C-2 ایک یو-ایف
(٩) کپیسٹر C-3 1000 پی-ایف
(١٠) کپیسٹر C-4 ایک یو-ایف
(١١) سیمی کنڈکٹر ریکٹی فائر D-1 سے D-4 تک نمبر W 005 S-0 50 وولٹ اور
ایک ایمپیئر کرنٹ
(١٢) سیمی کنڈکٹر D-5 نمبر TIL-209 (ننھی ایل ای ڈی سرخ بلب)
(١٣) سیمی کنڈکٹر D-6 نمبر 1N4001 (سلی کان کا)
(١٤) ٹرانسسٹر TR-1 نمبر BC-214L سلی کان کا پی-این-پی ٹائپ
(١٥) ٹرانسسٹر TR-2 نمبر BC-184L سلی کان کا پی-این-پی ٹائپ
(١٦) ٹرانسسٹر TR-3 نمبر BD-136 سلی کان کا پی-این-پی ٹائپ
(١٧) آئی سی IC-1 نمبر LM-723
(١٨) ٹرانسفارمر T-1 پرائمری 220V سیکنڈری 9-0-9 وولٹ
(١٩) متحرک مزاحمت VR-1 والیم ٹائپ طاقت 10K ، اوہم
(٢٠) پلگ PL-1 (بیٹری پکڑنے کے لئے خاص قسم کا پلگ جو خود بنایا جاسکتا ہے)



Actual size p.c.b. artwork and component layout. T1 mounting holes may require slight adjustment to suit individual transformers. The photograph shows the authors hand-held CB rig being charged by the prototype unit.


(سرکٹ کے مطابق سامان کی تنصیب)

کرنٹ کلر سینٹری ساکٹ

یورپ کی ایک کمپنی نے ایک ایسا نظام ایجاد کیا ہے جس کا مقصد یہ ہے کہ دیوار میں نصب شدہ بجلی کی تاریں اگر کسی وقت ننگی ہو کر قریب سے گذرتے ہوئے پانی کے پائپ سے چھو کر اس کو کرنٹ زدہ کر دیں یا واٹر گیزر میں ہیٹر کے باعث پانی میں کرنٹ آ جائے سے لاحق خدشات / صدمات سے بچاؤ کے لیے خصوصی آکر اپنا کام بخوبی سرانجام دے کر انسانی جانوں کا تحفظ کرے ۔ چنانچہ اس کو کرنٹ کلر ساکٹ کا نام دیا گیا ہے جو کسی بھی جاندار کو محفوظ رکھے گی یعنی

(Senitary Socket will kill the current before it kill you)

نوٹ :- سرکٹ میں لوڈ سے مراد سینٹری ساکٹ ہے ۔




سرکٹ نمبر 11

آڈیو ڈیبگ پراب



آڈیو سرکٹ وغیرہ میں نقائص بندی کچھ مشکل امر نہیں بشرطیکہ ڈایاگرام اور میٹر میسر ہوں اور اگر سرکٹ بھی نہ ہو اور میٹر بھی نہ ہو تو پیدا ہونے والے نقص کو کس طرح تلاش کریں گے۔ انہی سب دشواریوں کو مدنظر رکھ کر آڈیو پراب کا وجود معرض میں آیا۔ آڈیو پراب دراصل ایک چھوٹا سا آڈیو ایمپلی فائر ہے جس کے ساتھ ایک چھوٹا سا ایئر فون بھی نصب ہوتا ہے، جو سرکٹ کی کانٹی نیوٹی کی اطلاع آواز کی صورت میں دیتا ہے اس پراب کو 30 وولٹ ڈی۔سی میں سپلائی کے ساتھ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ وولٹیج کی کمی بیشی کا اظہار اس کے سرکٹ میں لگے ہوئے تین بلبوں سے ہوتا ہے جو کر زیادہ وولٹ کم وولٹ اور درمیانی سپلائی پر روشن ہوتے ہیں۔ یہ سرکٹ تین حصوں پر مشتمل ہے یعنی ایمپلی فائر، وولٹیج کمپیریٹر (Comparator) اور پاور سپلائی کنٹرول سیکشن۔



AUDIO PROBE

فہرست سامان

COMPONENTS . . .

Resistors

R1	1k5
R2, 20	100k
R3, 5	560k
R4, 13	1M
R6	56k
VR7	1M skeleton preset enclosed
R8	560R
R9, 10, 14, 16	15k
R11, 12	150R
R15	2k2
R17, 21, 24, 25	10k
R18	390R
R19	33k
R22	1k
R23	3k3
All ¼ watt	

Capacitors

C1	0·1µF polyester C280
C2	22µF 25 volt electrolytic
C3	0·01µF ceramic disc
C4, 5	1µF 35 volt tantalum

Semiconductors

D1, 2, 3	1N4148
D4	1N4007
D5	33 volt 1·3W Zener
D6	5·6 volt 400mW Zener
TR1, 3, 4, 5, 7	BC184L
TR2	BC412L
TR6	ZTX550
D7, 9	Red l.e.d. 1·25 mm
D8	Green l.e.d. 1·25 mm
IC1	TL072
IC2	LM339

Complete probe case with probe, supply wire and fittings, printed circuit board, 3·5 mm jack socket, wire.

(۱) مزاحمت R-1 طاقت 1K5 اوہم

(۲) مزاحمت R-2 اور R20 طاقت 100K اوہم

(۳) مزاحمت R-3 اور R-5 طاقت 560K اوہم

(۴) مزاحمت R-4 اور R13 طاقت 1M اوہم

(۵) مزاحمت R-6 طاقت 56K اوہم

(۶) مزاحمت VR-7 (والیوم کنٹرول) طاقت 1M اوہم

(۷) مزاحمت R-8 طاقت 560R اوہم

(۸) مزاحمت R-9، R-10، R-14 اور R-16 طاقت 15 K اوہم

(۹) مزاحمت R-11 اور R-12 طاقت 150 R اوہم

(۱۰) مزاحمت R-15 طاقت 2K-2 اوہم

(۱۱) مزاحمت R-17، R-21، R-24 اور R-25 طاقت 10K اوہم

(۱۲) مزاحمت R-18 طاقت 390R اوہم

(۱۳) مزاحمت R-19 طاقت 33K اوہم

(۱۴) مزاحمت R-22 طاقت 1K اوہم

(۱۵) مزاحمت R-23 طاقت 3K-3 اوہم

(۱۶) کپیسٹر C-1 طاقت 0.1uf

(۱۷) کپیسٹر C-2 طاقت 22 uf

(۱۸) کپیسٹر C-3 طاقت 0.01uf

(۱۹) کپیسٹر C-4 C-5 طاقت 1 uf

(۲۰) سیمی کنڈکٹر D-1، D-2، D-3 نمبر 1N 4148

(۲۱) سیمی کنڈکٹر D-4 نمبر 1N 4007

(۲۲) سیمی کنڈکٹر D-5 نمبر 33 وولٹ 1.3 W زینر

(۲۳) سیمی کنڈکٹر D-6 نمبر 5.6 400 ملی واٹ زینر

(۲۴) سیمی کنڈکٹر TR-1، TR-4، TR-5، TR-7 اور TR-3 نمبر BC-184L

(۲۵) سیمی کنڈکٹر TR-2 نمبر BC-412L


(۲۶) سیمی کنڈکٹر TR-6 نمبر 2TX-550


(۲۷) سیمی کنڈکٹر D-7 اور D-9 سرخ ایل-ای-ڈی 1.25 ایم-ایم

(۲۸) سیمی کنڈکٹر D-8 سبز ایل-ای-ڈی 1.25 ایم-ایم

(۲۹) سیمی کنڈکٹر آئی-سی-1 نمبر TL-072

(۳۰) سیمی کنڈکٹر آئی-سی-2 نمبر LM-339






ٹیسٹنگ

TESTING

آڈیو پراب بنا کر عام استعمال سے پہلے اس کو اپنے طور پر ٹیسٹ کر لیں کہ آیا آپ نے جو کنکشن کئے ہیں ان میں کوئی غلطی تو نہیں رہ گئی۔

سب سے پہلے ریگولیٹر (VR-7) کو 15 وولٹ مین سپلائی پر رکھ کر کسی وولٹ میٹر کو 6-7 وولٹ سپلائی دے کر پراب سے سبز بلب کو چیک کریں کہ آیا وہ روشن ہوتا ہے کہ نہیں اگر وہ روشن ہو جائے تو پھر سپلائی بڑھا کر ہائی (High) اور (Low) وولٹ کر کے دوسرے بلبوں کو بھی چیک کریں اگر یہ سب ٹھیک کام کریں تو پراب ہٹا دیں اور ان کو کسی ایسے سرکٹ سے جوڑ دیں جس میں سے سگنل نکل سکتے ہیں اور ریگولیٹر کے ذریعے آہستہ آہستہ آڈیو پراب کا کرنٹ بڑھائیں جو زیادہ سے زیادہ 33 وولٹ تک ہو۔ اس طرح آپ کو دوسرے سرکٹ کے مکمل ہونے یا نامکمل ہونے کی صورت میں ایئر فون کے ذریعے آواز آئے گی۔ سرکٹ اگر مکمل ہوگا تو ایک ٹون آئے گی جبکہ نامکمل سرکٹ کی صورت میں ایئر فون خاموش رہے گا۔ خیال رہے کہ کرنٹ کی زیادتی آئی سی کے جلنے کا باعث بن سکتی ہے لہٰذا اس امر کی جانب بھرپور توجہ رہے۔




(آڈیو پراب اور ایئر فون)

ایڈر


ADDER

جمع تفریق کے سوال حل کریں اور خوب لطف اندوز ہوں الیکٹرونکس کی کرامات سے۔ سب سے پہلے سرکٹ کو نہایت غور اور تدبر سے ملاحظہ کریں اور پھر سامان کو اس کے مطابق ٹھیک ٹھیک ٹانکے لگا کر سپلائی دے کر چیک کریں کہ آپ کی خواہش کے مطابق کام کرتا ہے یا کہ نہیں ـــــ اگر کام نہ کرے تو بڑی احتیاط کے ساتھ ایک ایک جوڑ کو چیک کریں۔ پرزوں کو دیکھیں کہ وہ بھی ٹھیک ہیں یا کہ نہیں۔ خراب اور پرانی اشیاء استعمال نہ کریں ان کی ذرا سی خرابی آپ کے لیے دردِ سر بن سکتی ہے۔ لہٰذا تجربات کے لئے ہمیشہ ہی درست اور قدرے نئی چیزیں لگائیں۔ پرانی چیزیں اس وقت تک نہ لگائیں جب تک کہ آپ کو یقین نہ ہو جائے کہ یہ ٹھیک کام کرے گی اس طرح سے وقت کی بہت قدر ہو گی جو کہ اس تیز رفتار دور میں بہت ہی قیمتی ہے۔



فہرست سامان

۱	مزاحمت	R-1	طاقت	10 K	اوہم
۲	مزاحمت	R-2	طاقت	10 K	اوہم
۳	سیمی کنڈکٹر	D-1	نمبر	TIL-209	(ایل۔ای۔ڈی ٹائپ)
۴	سیمی کنڈکٹر	D-2	نمبر	TIL-209	(ایل۔ای۔ڈی ٹائپ)
۵	آئی سی	I-C-1	نمبر	4070	
۶	آئی سی	I-C-2	نمبر	4011	
۷	سوئچ	S-1			
۸	سوئچ	S-2			
۹	سپلائی	6 وولٹ بیٹری			
۱۰	تاریں				
۱۱	سکریو				
۱۲	پلیٹ برائے تنصیب آلات				



سامان کی سرکٹ کے مطابق پلیٹ پر تنصیب

نوٹ

——— اصل سرکٹ میں سامان کی ترتیب صحیح نہیں تھی لہٰذا ان کے نمبر ہم نے شروع سے یعنی ایک سے ہی شروع کئے ہیں یعنی آئی سی "3" "4" کی جگہ ہم نے "1" اور "2" لکھا ہے اسی طرح بقیہ سامان کے ساتھ بھی۔

ایڈر کس طرح سے کام کرتا ہے

بھائیو! یہ ایک نہایت ہی دلچسپ سرکٹ ہے۔ چھوٹے بچوں کی تفریح کے لئے بہت ہی اچھا ہے۔ کھیل ہی کھیل میں جمع تفریق کرنا، رقمیں پڑھنا، لکھنا اور سمجھنا آجاتی ہیں۔ جیساکہ سرکٹ سے ظاہر ہے اس کو دو جگہ سے سپلائی مل رہی ہے گویا دو ان پٹ ہوئیں جیساکہ چارٹ سے ظاہر کیا گیا ہے۔

ان پٹ		آؤٹ پٹ	
S1	S2	D-1	D-2
0	0		
0	1		
1	0		
1	1		

الیکٹرونکس کے تمام کمپیوٹروں میں ایک بائنری سسٹم ہوتا ہے جس میں ڈاٹا لکھنے اور پڑھنے کی خاص ترتیب ہوتی ہے لہٰذا تھوڑا سا بتائے دیتا ہوں اس سرکٹ کو سمجھنے اور لکھنے کیلئے۔ بائنری سے مراد ایسا نظام ہے جس میں صرف دو ہندسے ہوں یعنی "0" اور "1" اس کی اساس 2 پر ہے۔

مثلاً:- آپ کے پاس ایک رقم ہے "235" اس رقم کا بائنری ڈاٹا کس طرح نکالا جاتا ہے آیئے دیکھیں۔

2	235	
2	117	1
2	58	1
2	29	0
2	14	1
2	7	0
2	3	1
	1	1

رقم 235 کو 2 سے بار بار اس لئے تقسیم کیا کہ اس نظام میں رقم کی اساس 2 ہے
بائنری کے حساب سے ڈاٹا میں صرف دو ہندسے "0" اور "1" ہے ان ہندسوں کو لکھنے کے لئے ترتیب نیچے سے اوپر ہوتی ہے یعنی

(بائیں سے دائیں

→ 11101011

چونکہ اساس 2 ہے لہٰذا ہر ہندسہ یعنی "1" اور "0" اپنے اندر ایک خاص طاقت رکھتا ہے جس کو تلاش کرنے کے لئے مندرجہ ذیل طریقہ کار اپنایا جاتا ہے۔

111011

ہر ہندسہ کی ایک بنیادی طاقت (Value) ہوتی ہے جو کہ کچھ یوں ہوتی ہے۔

128 ، 64 ، 32 ، 16 ، 8 ، 4 ، 2 ، 1 ، 0

(دائیں سے بائیں ——— یہ کس طرح نکلتی ہے۔ آگے ملاحظہ فرمائیں۔

نظام بائنری میں " 0 " صفر کے برابر نہیں سمجھا جاتا بلکہ یہ " 1 " کے برابر ہوتا ہے۔

لہٰذا اگر ہمارے پاس بائنری ڈاٹا یہ ہے۔

1 1 1 0 1 0 1 1

تو طاقت اس طرح نکالی جاتی ہے

$1 \times 2^0 = 1 \times 1$ $= 1$

$1 \times 2^1 = 1 \times 2$ $= 2$

$0 \times 2^2 = 2 \times 2 \times 2$ $= 0$

$1 \times 2^3 = 1 \times 2 \times 2 \times 2$ $= 8$

$0 \times 2^4 = 1 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2$ $= 0$

$1 \times 2^5 = 1 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2$ $= 32$

$1 \times 2^6 = 1 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2$ $= 64$

$1 \times 2^7 = 1 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2 \times 2$ $= 128$

اگر 1، 2، 8، 32، 64، 128 کو جمع کریں
تو مجموعہ 235 ہی ہوگا بے شک جمع کر کے دیکھ لیں۔

$1 + 2 + 8 + 32 + 64 \times 128 = 235$

آپ اسی ترتیب کو ذہن میں رکھ کر مزید آگے چل سکتے ہیں سوئچ S-1 اور S-2 دبانے سے جو بھی ہندسہ آئے گا ان کو لکھتے جائیں اور جمع کر کے دیکھتے جائیں مجموعہ آپ کی توقع کے مطابق ہی ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

بائنری کے نظام کو مزید اچھی طرح سمجھنے کے لئے میری کتاب "اے ٹیکسٹ بک کمپیوٹر پروگرامنگ" پڑھ لیں۔


سرکٹ نمبر 12

5.6 واٹ پاور ایمپلی فائر

5.6 WATT POWER AMPLIFIER

آج کل لوگوں کی ایک بڑی تعداد شور و غوغا کو بہت پسند کرنے لگی ہے ان کو ریڈیو یا ٹیپ ریکارڈ کی اپنی اصل آواز اچھی نہیں لگتی بلکہ اس کو مزید اونچا کر کے سننا پسند کرتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے نہ صرف علیحدہ طور پر بڑے بڑے سپیکر نصب کرتے ہیں بلکہ ایمپلی فائر بھی لگاتے ہیں تاکہ آواز خوب اونچی ہو چاہے ہمسائے میں پڑھنے والے طالب علم کو تکلیف ہو یا بیمار کے لئے اونچی آواز عذاب بن جائے۔

بہر حال قطع نظر اس کے کہ لوگ ایمپلی فائر کا استعمال اچھے طریقے سے کرتے ہیں یا بُرے طریقے سے کرتے ہیں اس کی ضرورت اپنی جگہ مسلمہ ہے۔ دینی اجتماعات ہوں یا اذان اس کو استعمال کیا جاتا ہے لہٰذا صرف اس اچھے استعمال کی خاطر ہی ہمیں اس کا بنانا ضروری ہو گیا ہے تو آیئے ایک چھوٹے سے سرکٹ سے ایک اچھا ایمپلی فائر بناتے ہیں۔



فہرست سامان

①	مزاحمت	R 1	طاقت	100 K	اوہم
②	مزاحمت	R 2	طاقت	820	اوہم
③	مزاحمت	R 3	طاقت	100 K	اوہم
④	مزاحمت	R 4	طاقت	ایک	اوہم
⑤	لاؤڈ اسپیکر	L.S	طاقت	8	اوہم
⑥	کپیسٹر	C 1	طاقت	10	یو
⑦	کپیسٹر	C 2	طاقت	100	یو
⑧	کپیسٹر	C 3	طاقت	220	پی۔ایف
⑨	کپیسٹر	C 4	طاقت	47	یو
⑩	کپیسٹر	C 5	طاقت	100	یو
⑪	کپیسٹر	C 6	طاقت	1000	پی۔ایف
⑫	کپیسٹر	C 7	طاقت	۴	یو
⑬	کپیسٹر	C 8	طاقت	50	پی۔ایف
⑭	کپیسٹر	C 9	طاقت	47	یو
⑮	کپیسٹر	C 10	طاقت	1500	پی۔ایف
⑯	کپیسٹر	C 11	طاقت	1000	یو
⑰	کپیسٹر	C 12	طاقت	.1	یو
⑱	کپیسٹر	C 13	طاقت	470	یو
⑲	آئی سی	I.C	نمبر	TA-7216-P	
⑳	سپلائی	23	وولٹ		


سرکٹ نمبر 13

15+15 واٹ پاور ایمپلی فائر (سٹیریو)

15+15 WATT POWER AMPLIFIER

یہ ایک سٹیریو ایمپلی فائر کا سرکٹ ہے جس کی ضرورت سٹیریو ٹیپ ریکارڈر کے ساتھ پڑتی ہے۔ اس میں (VR-1) اور (VR-2) دونوں سپیکر ہیں جن کی طاقت 8 اوہم ہے۔ اس کو 20 وولٹ ڈی سی سپلائی دیتے ہیں۔

سرکٹ میں آئی سی دو حصوں میں تقسیم کر کے کنکشن دکھائے گئے ہیں لہٰذا کنکشن بہت احتیاط کے ساتھ کریں۔ تیزی آپ کے لئے نقصان دہ ثابت ہو سکتی ہے۔ آئی سی عام طور پر بہت حساس ہوتے ہیں جو کافی قیمتی ہوتے ہیں ذرا سی غفلت سے جل جاتے ہیں۔



15 + 15 WATT POWER AMPLIFIER STEREO

فہرست سامان

۱	مزاحمت	R-1	طاقت	33K	اوہم
۲	مزاحمت	R-2	"	100	اوہم
۳	مزاحمت	R-3	"	4.7	اوہم
۴	مزاحمت	R-4	"	33K	اوہم
۵	مزاحمت	R-5	"	33K	اوہم
۶	مزاحمت	R-6	"	270	اوہم
۷	مزاحمت	R-7	"	560	اوہم
۸	مزاحمت	R-8	"	4.7	اوہم
۹	مزاحمت	R-9	"	390	اوہم
۱۰	مزاحمت	R-10	"	33K	اوہم
۱۱	سپیکر	$L-S_1$	"	8	اوہم
۱۲	سپیکر	$L-S_2$	"	8	اوہم
۱۳	کپیسٹر	C-1	"	2.2	یو-ایف
۱۴	کپیسٹر	C-2	"	100	یو-ایف
۱۵	کپیسٹر	C-3	"	47	یو
۱۶	کپیسٹر	C-4	"	10	یو
۱۷	کپیسٹر	C-5	"	.047	یو
۱۸	کپیسٹر	C-6	"	10	یو
۱۹	کپیسٹر	C-7	"	100	یو
۲۰	کپیسٹر	C-8	طاقت	47	یو

فہرست سامان

۲۱	کپیسٹر	C-9	طاقت	.047	یو
۲۲	کپیسٹر	C-10	طاقت	47	یو
۲۳	کپیسٹر	C-11	طاقت	2.2	یو
۲۴	آئی سی	I-C	نمبر	STR-041	

سرکٹ نمبر 15

آٹو واٹر فیڈر


AUTO WATER FEEDER

برکھا برسے یا نہ برسے یہ مرضی اس کی ہم خود اس کا علاج سوچ لیتے ہیں۔ یہ ایک ایسے سرکٹ کا خاکہ ہے۔ جس کا کام یہی ہے کہ اگر موسم بہت گرم ہو اور کئی روز تک بارش ہونے کا امکان نہ ہو تو اس میں لگی ہوئی دو سلاخیں (Probes) اس قدر حساس ہیں کہ فوراً پانی کے اس نل کو کھول کر پودوں کو پانی کی فراہمی شروع کر دیتی ہیں جو ہم نے ان پر بند کر رکھا ہے۔

باغبانی کے شوقین حضرات کے لیے ایک انمول تحفہ ہے اس میں ریلے کو الارم بجانے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے یا پھر اس کا تعلق ایسے لیور سے جوڑا جا سکتا ہے جس کا تعلق ایکٹیویٹیڈ والو (Activated Valve) کے ساتھ ہو جو پانی کی فراہمی کھول اور بند کر سکے۔ ریلے ہمیشہ سیریز میں لگائی جاتی ہے۔

سلاخوں کی لمبائی 120 ملی میٹر اور دونوں کا درمیانی فاصلہ 15 ملی میٹر ہو یہ سلاخیں موٹی پلیٹ سے بنائی جا سکتی ہیں یا ان کی جگہ موٹی سلاخیں بھی استعمال ہو سکتی ہیں۔ جن کو کسی 40x20 ملی میٹر پلیٹ پر متوازی طور پر نصب کیا جائے۔ جس پلیٹ پر یہ سلاخیں نصب ہوں وہ نان کنڈکٹر ہو۔

متحرک مزاحمت (VR-1) سے پانی فیڈ کرنے کا وقفہ کم یا زیادہ کیا جا سکتا ہے۔



فہرست سامان

①	مزاحمت	R 1	طاقت	33 K	اوہم
②	مزاحمت	R 2	طاقت	33 K	اوہم
③	مزاحمت	R 3	طاقت	1 K	اوہم
④	متحرک مزاحمت	VR - 1	طاقت	10 K	اوہم
⑤	ریلے	RLA - 1	طاقت	500 K	اوہم
⑥	سیمی کنڈکٹر	D - 1	نمبر	IN - 4001	
⑦	سیمی کنڈکٹر	D - 2	نمبر	IN - 4001	
⑧	سیمی کنڈکٹر	D - 3	نمبر	IN - 4001	
⑨	ٹرانسسٹر	TR - 1	نمبر	2N - 2926	
⑩	آئی سی	IC - 1	نمبر	741	
⑪	پراب	(PROBES)	2 عدد	120	ملی میٹر لمبی
⑫	بیٹری		9	وولٹ	
⑬	نان کنڈکٹر پلیٹ سائز		40X20	ملی میٹر	


سرکٹ نمبر 16

آٹو ٹائمر فین

AUTO TIMER FAN

جاپان کے ماہرین نے ٹیبل فین میں ایک ایسا نظام لگایا کہ آپ جتنی دیر چاہیں گے پنکھا اتنی دیر چلنے کے بعد خود بخود بند ہو جائے گا۔ اس مقصد کے لیے اس میں ایک پرزہ "ٹائمر" لگایا ہے جس میں ایک سے 60 منٹ تک کا وقفہ ہے۔ آپ جہاں سیٹ کریں گے پنکھا اتنی دیر چلنے کے بعد خود بخود بند ہو جائے گا اور دوبارہ نہ چلائیں۔

جیسا کہ سرکٹ میں دکھایا گیا ہے ٹائمر سیریز میں لگایا گیا ہے جبکہ کالی اور سرخ تاریں کنڈنسر میں سے ہو کر پنکھے کی سٹارٹنگ اور رننگ وائنڈنگ کو مل رہی ہیں۔ کالی تار رننگ (Running) وائنڈنگ کو جا رہی ہے جبکہ سرخ سٹارٹنگ وائنڈنگ کو مل رہی ہے۔ سبز تار ارتھ کے لیے ہے۔ سفید، نیلی اور پیلی تاریں بالترتیب زیادہ سپیڈ اور بہت کم سپیڈ کے لیے ہیں اور یہ تینوں تاریں ریگولیٹر (Regulator) سے منسلک ہیں جس کو ایک مین تار (Grey) بھی مل رہی ہے۔ یہ سرکٹ جاپانی کمپنی K · D · A کے تیار کردہ پنکھے کا ہے۔




سکرین واشر ڈیلے

SCREEN WASHER DELAY



سرد موسم میں موٹر گاڑیوں کی ونڈ سکرین (Wind Screen) عام طور دھندلا جاتی ہے اور بعض اوقات یہ دھند اس قدر زیادہ ہو جاتی ہے کہ سامنے سے آتی ہوئی گاڑیاں بھی صاف نہیں نظر آتیں چنانچہ ڈرائیور کو سکرین صاف کرنے کے لئے بار بار وائپر چلانا پڑتا ہے۔ اس کی حرکت اس قدر جلد جلد ہوتی ہے کہ کچھ عرصہ بعد جھنجلاہٹ سی ہونے لگتی ہے اور مجبوراً اس کو بلند کرنا پڑتا ہے مگر اس دوران سکرین دوبارہ دھندلانے لگتی ہے۔ لہٰذا اس عمل کو وقفے کے بعد خود بخود وقوع پذیر ہونے کے لئے اگر ایک سرکٹ بنا لیا جائے تو میرا خیال ہے کہ بہت ہی بہتر رہے گا اور اس طرح واقعی ایک سہولت میسر آ جائے گی۔ ہاں تو آئیے ہم خود سرکٹ بنا لیتے ہیں۔



سرکٹ میں ڈاٹس (DOTS) کے ذریعے علیحدہ طور پر نمبر دے کر اس چیز کی وضاحت کی گئی ہے کہ ریلے کے کس ٹرمینل پر کونسی تار لگے گی۔ جب علیحدہ طور پر بھی ریلے متوازی میں جڑی دکھائی گئی ہے۔

فہرست سامان

① مزاحمت R-1 طاقت 100 اوہم

② کپیسٹر C-1 کے 1000 یو۔ ایف۔

③ متحرک مزاحمت VR-1 470-500 اوہم

④ ریلے RLA طاقت 1000 اوہم کوائل

⑤ FS-1 فیوز 1.5 ایمپیئر

⑥ پلیٹ جس پر سرکٹ بنانا ہے۔ 0.1 انچ موٹی


متحرک مزاحمت سے آپ سکرین واشر کی حرکت کے وقفہ کو کم یا زیادہ کر سکتے ہیں۔

TB سے مراد ٹرمینل بکس ہے۔


COMPONENTS

R1	100Ω ½W carbon ±5%
C1	1,000µF 16V elect. axial leads
VR1	470 ohm miniature horizontal preset
RLA	encapsulated reed type relay, 1,000 ohm coil, 9 to 12V operating voltage
FS1	5A with in-line fuseholder

Stripboard: 0·1 inch matrix, 13 strips, 24 holes; 5A screw terminal block, 4-way; 6BA fixings: 25mm long screw, nuts (2 off), 5mm long spacer; plastics case, Vero 202/21025K; rubber grommel, 5A auto connecting wire.



Layout of the components on the stripboard, breaks to be made on the underside and wiring details to the existing car electrics.



A suggested method of mounting the component board in the case.

اس خاکہ کے ذریعے اس بات کی وضاحت کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ سامان کے آپس میں کنکشن کس طرح ہوں گے آپ سے بھی درخواست ہے کہ کنکشن بڑے آرام سے اور خوب دیکھ بھال کر کریں۔ ٹانکے صاف ستھرے ہونے چاہئیں۔

سرکٹ نمبر 18



سیٹ بیلٹ ریمائنڈر

SEAT BELT REMINDER

تمام ترقی یافتہ ممالک میں تقریباً کار ڈرائیونگ کے لئے سیٹ بیلٹ باندھنا اتنا ہی ضروری ہے جتنا کہ گاڑی چلانے کے لئے لائسنس ضروری ہے اور اس سلسلے میں حکومتی اداروں نے قوانین وضع کر رکھے ہیں۔


